نَفْسِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ زِنَةَ عَرْشِكَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِّدَادَ

کے مطابق، رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اپنے عرش کے وزن کے برابر، رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

كَلِمَاتِكَ الَّتِيْ لَا تَنْفَدُ

ان کلمات کی سیاہی کے برابر جو ختم نہیں ہو سکتی

(28) اَللّٰهُمَّ وَاَعْطِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضْلَ وَالْفَضِيْلَةَ

الٰہی! عطا فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقام وسیلہ اور بزرگی اور فضیلت

وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ، اَللّٰهُمَّ اَعْظِمْ بُرْهَانَهٗ، وَ اَفْلِجْ حُجَّتَهٗ

اور بلند درجہ، الٰہی! ان کی دلیل باعظمت کر، اور قوی کر ان کی نبوت کی دلیل اور انہیں

وَ اَبْلِغْهُ مَاْمُوْلَهٗ فِيْ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ اُمَّتِهٖ

پہنچا دے انکی آرزو تک انکے گھر والوں اور امت کے بارے میں

(29) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوٰتِكَ وَ بَرَكَاتِكَ وَ رَاْفَتَكَ وَ رَحْمَتَكَ عَلٰى

الٰہی! اپنی رحمتیں، اپنی برکتیں، اپنی مہربانیاں اور اپنی رحمت شامل کردے حصہ میں محمد

مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ وَ صَفِيِّكَ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جو تیرے محبوب اور منتخب ہیں اور آپ کے اہل بیت کے حصہ میں جو صاف و پاکیزہ ہیں

(30) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِاَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ

الٰہی! تو اپنی افضل سے افضل رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو تو نے کسی نبی پر نازل فرمائی ہو اپنی

خَلْقِكَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ مِّثْلَ ذٰلِكَ، وَارْحَمْ مُحَمَّدًا مِّثْلَ ذٰلِكَ

مخلوق میں، اور برکت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اسی کے برابر، اور رحم کر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اسی کے برابر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي اللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رات میں جب اسکی تاریکی چھا جائے، رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى

دن میں جب وہ روشن ہو جائے، اور رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دنیا وآخرت میں

(31) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ الصَّلٰوةَ التَّامَّةَ، وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِنِ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پوری پوری رحمت، برکت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پوری

الْبَرَكَةَ التَّامَّةَ، وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدِنِ السَّلَامَ التَّامَّ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پوری برکت، اورسلام بھیج محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پورا پورا سلام، الٰہی! رحمت نازل فرما

عَلٰى مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْخَيْرِ، وَقَائِدِ الْخَيْرِ، وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ، اَللّٰهُمَّ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو نیکی کے امام، خیر کی طرف کھینچنے والے اور رحمت والے رسول ہیں، الٰہی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ دَهْرَ الدَّاهِرِيْنَ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہمیشہ ہمیشہ اور رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہمیشہ ہمیشہ

(32) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو نبی اُمی ، قریشی ، ہاشمی

الْاَبْطَحِيِّ التِّهَامِيِّ الْمَكِّيِّ، صَاحِبِ التَّاجِ وَالْهِرَاوَةِ، وَالْجِهَادِ

بطحاء اور تہامہ مکہ کے ہیں ، تاج اور عصا کے مالک ہیں ، جہاد اور

وَالْكَرَامَةِ وَالْمَغْنَمِ وَالْمَقْسَمِ، صَاحِبِ الْخَيْرِ وَالْمَيْرِ

بزرگی والے ہیں ، مال غنیمت اور تقسیم والے ، نیکی اور فائدہ والے ہیں

صَاحِبِ السَّرَايَا وَالْعَطَايَا، وَالْاٰيَاتِ الْمُعْجِزَاتِ، وَالْعَلَامَاتِ

لشکروں والے اور بخشش والے معجزات کی نشانیوں اور روشن

الْبَاهِرَاتِ، وَالْمَقَامِ الْمَشْهُوْدِ، وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ، وَالشَّفَاعَةِ

علامات والے ہیں، صاحب مقام مشہود، صاحب حوض کوثر ہیں، سب کی سفارش کرنے والے اور

وَالسُّجُوْدِ لِلرَّبِّ الْمَحْمُوْدِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ

رب محمود کو سجدہ کرنے والے ہیں، الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ان کی گنتی کے برابر جنہوں نے

صَلّٰی عَلَیۡهِ، وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍۢ بِعَدَدِ مَنۡ لَّمۡ يُصَلِّ عَلَيۡهِ

آپ پر درود پڑھی ہو، اوران کی گنتی کے برابر جنہوں نے آپ پر درود نہ پڑھی ہو

(33) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ۣالَّذِیۡ اَشۡرَقَتۡ بِنُوۡرِهِ الظُّلَمُ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جن کے نور سے اندھیرے جگمگا اٹھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ۣالۡمَبۡعُوۡثِ رَحۡمَةً لِّكُلِّ الۡاُمَمِ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو ساری امتوں کے لیے رحمت بن کر مبعوث ہوئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ۣالۡمُخۡتَارِ لِلسِّيَادَةِ وَالرِّسَالَةِ قَبۡلَ

الٰہی ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو منتخب ہوئے سرداری اوررسالت کے لیے

خَلۡقِ اللَّوۡحِ وَالۡقَلَمِ

لوح اور قلم کی پیدائش سے بھی پہلے

(34) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ۣالۡمَوۡصُوۡفِ بِاَفۡضَلِ الۡاَخۡلَاقِ وَالشِّيَمِ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو بہترین اخلاق وعادت والے تھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ۣالۡمَخۡصُوۡصِ بِجَوَامِعِ الۡكَلِمِ

الٰہی ! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو سرفراز کیے گئے مختصر ، جامع کلمات اور

وَخَوَاصِّ الْحِكَمِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ﹰالَّذِىْ كَانَ لَا تُنْتَهَكُ

خاص حکمتوں سے ، الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کہ آبرو ریزی نہیں کی جاتی تھی ان کی

فِىْ مَجَالِسِهِ الْحُرُمُ ، وَلَا يُغْضِىْ عَنْ مَّنْ ظَلَمَ ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

مجلس میں کسی کی ،جس نے ظلم کیا تو آپ اس سے چشم پوشی نہ کرتے تھے ،الٰہی! رحمت نازل فرما

مُحَمَّدِ ﹰالَّذِىْ كَانَ اِذَا مَشٰى تُظِلُّهُ الْغَمَامَةُ حَيْثُ مَا يَمَّمَ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کہ جب وہ چلتے تو بادل آپ پر سایہ کرتا جہاں کا بھی آپ ارادہ فرماتے

اَللّٰهُم صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ﹰالَّذِىْ انْشَقَّ لَهُ الْقَمَرُ وَكَلَّمَهُ الْحَجَرُ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جن کیلئے چاند دو ٹکڑے ہوگیا، اور آپ سے پتھر نے بات کی

وَاَقَرَّ بِرِسَالَتِهٖ وَصَمَّمَ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ﹰالَّذِىْ اَثْنٰى

آپ کی رسالت کا اقرار کیا اور حفاظت کی ، الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جن کی ثنا خود

عَلَيْهِ رَبُّ الْعِزَّةِ نَصًّا فِىْ سَالِفِ الْقِدَمِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

رب العزت نے کی گذشتہ سبقت سے خوش ہوکر ، الٰہی ! رحمت نازل فرما

مُحَمَّدِ ﹰالَّذِىْ صَلّٰى عَلَيْهِ رَبُّنَا فِىْ مُحْكَمِ كِتَابِهٖ، وَاَمَرَ اَنْ يُّصَلّٰى

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جن پر درود بھیجی ہمارے رب نے اپنی محکم کتاب میں ، اور حکم دیا کہ بھیجا جائے

عَلَيۡهِ وَ يُسَلِّمَ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصۡحَابِهٖ وَ اَزۡوَاجِهٖ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام، اللہ کی رحمتیں ہوں آپ پر، آپ کے آل و اصحاب اور ازواج پر

مَا انۡهَلَّتِ الدِّيَمُ، وَمَا جُرَّتۡ عَلَى الۡمُذۡنِبِيۡنَ اَذۡيَالُ الۡكَرَمِ

جب تک بارش برسے، اورجب تک گناہ گاروں پر بخشش کے دامن کھینچے جاتے رہیں

وَسَلِّمۡ تَسۡلِيۡمًا وَّشَرِّفۡ وَ كَرِّمۡ

اورسلام بھیج اورشرف وبزرگی عطافرما

(35) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ِالسَّابِقِ لِلۡخَلۡقِ نُوۡرُهٗ، وَالرَّحۡمَةِ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جنکا نور سب مخلوق سے پہلے ہو چکا، اور رحمت ہے ان کا

لِلۡعَالَمِيۡنَ ظُهُوۡرُهٗ، عَدَدَ مَنۡ مَّضٰى مِنۡ خَلۡقِكَ، وَ مَنۡ بَقِيَ

ظہور تمام جہانوں کیلیئے، اپنی مخلوق کے شمار کے برابر، جو باقی ہے اور

وَ مَنۡ سَعِدَ مِنۡهُمۡ وَ مَنۡ شَقِيَ، صَلٰوةً تَسۡتَغۡرِقُ الۡعَدَّ، وَ تُحِيۡطُ

جو ان میں نیک بخت ہے اور جو بدبخت، بے شمار رحمت جو ختم کردے گنتی اور گھیر لے تمام

بِالۡحَدِّ صَلٰوةً لَّا غَايَةَ لَهَا، وَ لَا انۡتِهَاءَ وَلَا اَمَدَ لَهَا، وَلَا اِنۡقِضَاءَ

حدوں کو، وہ رحمت جسکا نہ کہیں خاتمہ ہو اور نہ جس کی کوئی انتہا ہو، جس کا نہ کہیں کنارہ ہو اور نہ آخر ہو

صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ، وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ كَذٰلِكَ

ایسی رحمت جو ہمیشہ ہو تیری ہمیشگی کے ساتھ اور آپکی اولاد اور آپکے صحابہ پر بھی اتنی ہی بیشمار رحمت ہو

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ

اور اس بات پر تمام تعریف اللہ کی ہے

(36) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ، وَصَلِّ عَلَى

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں، اور رحمت نازل فرما

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ

تمام مؤمن مرد اور تمام مؤمن عورتوں پر، اور سب مسلمان مرد اور سب مسلمان عورتوں پر

(37) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، وَهَبْ لَنَا اللّٰهُمَّ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر، اور عطا فرما ہمیں الٰہی

مِنْ رِزْقِكَ الْحَلَالِ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ، مَا تَصُونُ بِهِ وُجُوهَنَا

حلال پاکیزہ اور برکت والا رزق، جس کی وجہ سے تو بچالے ہمیں کہ ہم اپنا چہرہ تیری مخلوق میں

عَنِ التَّعَرُّضِ إِلَى أَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ، وَاجْعَلْ لَنَا اللّٰهُمَّ إِلَيْهِ

سے کسی کے سامنے سوال لے کر آئیں، الٰہی! ہمارے لیے اپنی طرف رسائی کے لیے ایسا

طَرِيقاً سَهْلاً مِنْ غَيْرِ تَعَبٍ وَلاَ نَصَبٍ وَلاَ مِنَّةٍ وَلاَ تَبِعَةٍ

آسان راستہ بنادے کہ نہ اس میں تھکان ہو ،نہ کوئی تکلیف ،نہ احسان ہو اور نہ برا انجام

وَجَنِّبْنَا اللّٰهُمَّ الْحَرَامَ حَيْثُ كَانَ وَ اَيْنَ كَانَ وَعِنْدَ مَنْ كَانَ

الٰہی! ہمیں حرام سے بچالے جیسا بھی ہو اور جہاں بھی ہو اور جس کسی کے پاس بھی ہو اور

وَحُلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ اَهْلِهِ، وَاقْبِضْ عَنَّا اَيْدِيَهُمْ، وَاصْرِفْ عَنَّا

حائل ہوجا ہمارے اور انکے درمیان جنکے پاس حرام ہو، انکے ہاتھوں ہم سے دور کردے اور پھیر دے ہم سے

قُلُوبَهُمْ حَتَّى لاَ نَتَقَلَّبَ اِلاَّ فِيمَا يُرْضِيكَ ، وَ لاَ نَسْتَعِينَ

ان کے دلوں کو یہاں تک کہ ہم کوئی حرکت نہ کرسکیں مگر وہ جو تیری رضا کا سبب ہو، اور نہ ہم مدد حاصل

بِنِعْمَتِكَ اِلاَّ عَلَى مَا تُحِبُّ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

کرسکیں تیری نعمتوں کے ذریعہ مگران باتوں پر جو تجھے پسند ہوں، اے ارحم الراحمین!

(38) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَفْضَلِ مَسْأَلَتِكَ ، وَبِاَحَبِّ اَسْمَائِكَ

الٰہی! میں تجھ سے مانگتا ہوں جو تیرے نزدیک سب سے بہتر ہو، وسیلہ سے تیرے ان ناموں کے جو تجھے

اِلَيْكَ وَاَكْرَمِهَا عَلَيْكَ ، وَبِمَا مَنَنْتَ بِهٖ عَلَيْنَا بِمُحَمَّدٍ نَبِيِّنَا

محبوب اور تیرے ہاں زیادہ بزرگ ہوں، اور یہ کہ جو احسان کیا تو نے ہم پر ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ

وَاسْتَنْقَذْتَنَا بِهٖ مِنَ الضَّلَالَةِ، وَاَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ

اور بچایا ہمیں ان (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے سبب گمراہی سے اور ہمیں حکم دیا ان پر درود بھیجنے کا

وَجَعَلْتَ صَلٰوتَنَا عَلَيْهِ دَرَجَةً وَّ كَفَّارَةً وَّلُطْفًا وَّمَنًّا مِّنْ

اوران پر ہماری درود کو ہمارے لیے درجہ کی بلندی اور سبب کفارہ بنایا ،اپنی مہربانی واحسان کا محض

اِعْطَائِكَ ، فَاَدْعُوْكَ تَعْظِيْمًا لِّاَمْرِكَ وَاتِّبَاعًا لِّوَصِيَّتِكَ

اپنی بخشش سے،سو میں تجھ سے چاہتاہوں تیرے حکم کی تعظیم اور تیرے فرمان کی اتباع

وَتَنْجِيْزًا لِّمَوْعِدِكَ بِمَا يَجِبُ لِنَبِيِّنَا عَلَيْنَا فِيْٓ اَدَاءِ حَقِّهٖ

تیرے اس وعدہ کو پورا کرنے کیلیے جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق کے ادا کرنے کیلیے واجب ہے

قِبَلَنَا، وَاَمَرْتَ الْعِبَادَ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ فَرِيْضَةً ، افْتَرَضْتَهَا

ہم پر،اورتو نے بندوں کو حکم دیا ان پر درود پڑھنے کا فریضہ کے طور پر جو تو نے فرض فرمایا ہے

عَلَيْهِمْ، فَنَسْأَلُكَ بِجَلَالِ وَجْهِكَ ، وَنُوْرِ عَظَمَتِكَ ، اَنْ تُصَلِّيَ

ان پر،سو میں تیری ذات کے جلال اور تیری نور عظمت کے وسیلہ سے مانگتا ہوں کہ تو اور تیرے سب

اَنْتَ وَمَلَائِكَتُكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ ، وَنَبِيِّكَ

فرشتے درود بھیجیں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں، اور تیرے نبی

وَصَفِيِّكَ اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ بِهٖ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ

اور تیرے منتخب ہیں اس سے بڑھ کر درود جو تو نے اپنی مخلوق بھر میں کسی پر بھیجی ہو

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

یقیناً تو قابل تعریف اور بڑی شان والا ہے

اَللّٰهُمَّ ارْفَعْ دَرَجَتَهٗ، وَاَكْرِمْ مَّقَامَهٗ، وَثَقِّلْ مِيْزَانَهٗ، وَاَجْزِلْ

الٰہی! ان (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے درجے بلند فرما، انکا مقام بزرگ کر، ان کی ترازو بھاری کر، اور بڑا کردے

ثَوَابَهٗ، وَاَفْلِجْ حُجَّتَهٗ، وَاَظْهِرْ مِلَّتَهٗ، وَ اَضِئْ نُوْرَهٗ، وَاَدِمْ مِّنْ

انکا ثواب، انکی دلیل روشن کر، انکا دین غالب کر، انکے نور کا اجالا کر اور ہمیشہ قائم رکھ ان کی بزرگی

ذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ مَا تَقِرُّ بِهٖ عَيْنُهٗ، وَعَظِّمْهُ فِي النَّبِيِّيْنَ

انکی اولاد اور ان کے گھر والوں میں جس سے انکی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور عظمت والا کر ان کو تمام نبیوں

الَّذِيْنَ خَلَوْا قَبْلَهٗ

میں جو ان سے پہلے گذر چکے ہیں

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّدًا اَكْثَرَ النَّبِيِّيْنَ تَبَعًا، وَّ اَكْثَرَهُمْ اَزَرًا

الٰہی! تو بنادے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب نبیوں میں بڑی امت والا اور سب سے زیادہ ازروئے مددگار

وَّاَفْضَلَهُمْ كَرَامَةً وَّنُوْرًا ، وَّاَعْلَاهُمْ دَرَجَةً ، وَّاَفْسَحَهُمْ فِي

سب سے افضل کرامت اور نور میں ، سب سے اونچے درجہ میں، سب سے فراخ کشادہ جنت میں

الْجَنَّةِ مَنْزِلًا ، وَّاَفْضَلَهُمْ ثَوَابًا ، وَّاَقْرَبَهُمْ مَّجْلِسًا ، وَّاَثْبَتَهُمْ

مرتبے کے لحاظ سے ، سب سے زیادہ ثواب میں ،سب سے نزدیک مجلس میں ، سب سے پائیدار

مَّقَامًا ، وَّاَصْوَبَهُمْ كَلَامًا ، وَّ اَنْجَحَهُمْ مَّسْأَلَةً ، وَّاَوْفَرَهُمْ

مقام میں،سب سے صواب تر کلام میں،سب سے کامیاب اپنے سوال میں،سب سے بڑھ کر تیرے

لَدَيْكَ نَصِيْبًا ، وَّاَقْوَاهُمْ فِيْمَا عِنْدَكَ رَغْبَةً ، وَّاَنْزِلْهُ فِيْ غُرَفَةِ

دربار میں حصہ والوں میں،سب سے زیادہ رغبت والا اس ثواب میں جو تیرے ہاں ہے،اور اتار ان کو

الْفِرْدَوْسِ مِنَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى

فردوس بریں کے بلند بالا خانوں کے اونچے درجوں میں

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّدًا اَصْدَقَ قَائِلٍ ، وَّاَنْجَحَ سَائِلٍ، وَّاَوَّلَ

الٰہی ! بنادے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بولنے والوں میں سے سب سے سچا، ہر سائل سے کامیاب،سب سے پہلا

شَافِعٍ ، وَّ اَفْضَلَ مُشَفَّعٍ ، وَّ شَفِّعْهُ فِيْ اُمَّتِهٖ بِشَفَاعَةٍ يَّغْبِطُهٗ بِهَا

شافع،سب سے بہتر وہ جس کی شفاعت قبول کی گئی ہو،قبول فرما انکی شفاعت انکی امت کے بارے میں

الْاَ وَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ، وَاِذَا مَيَّزْتَ بَيْنَ عِبَادِكَ بِفَصْلِ

جس پر رشک کریں سب اگلے اور پچھلے، اور جب تو اپنا فیصلہ کن حکم دے کر بندوں کے درمیان امتیاز

الْقَضَاءِ ، فَاجْعَلْ مُحَمَّدًا فِى الْاَصْدَقِيْنَ قِيْلًا ، وَّفِى الْاَحْسَنِيْنَ

کرے تو کر دینا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب سے زیادہ سچا بولنے والوں میں، اور سب سے اچھے عمل کرنے

عَمَلًا ، وَّفِى الْمَهْدِيِّيْنَ سَبِيْلًا

والوں میں اور دین کے راہ یافتہ لوگوں میں

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ نَبِيَّنَا لَنَا فَرَطًا وَّحَوْضَهٗ لَنَا مَوْرِدًا

الٰہی! تو بنادے ہمارے نبی کو ہمارا پیشرو اور ان کے حوض کوثر کو ہمارے پانی پینے کا گھاٹ بنادے

اَللّٰهُمَّ احْشُرْنَا فِىْ زُمْرَتِهٖ ، وَاسْتَعْمِلْنَا بِسُنَّتِهٖ ، وَتَوَفَّنَا عَلٰى

الٰہی! ہمیں اٹھانا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گروہ میں، اور عمل کرانا ہم سے آپ کی سنت پر، اور ہمیں اٹھانا

مِلَّتِهٖ ، وَاجْعَلْنَا مِنْ حِزْبِهٖ

آپ کے دین پر اور بنالینا آپ کی جماعت میں

اَللّٰهُمَّ اجْمَعْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ كَمَا اٰمَنَّا بِهٖ وَلَمْ نَرَهٗ ، وَلَا تُفَرِّقْ

الٰہی! جمع کرنا ہمیں اور انکو جس طرح کہ ہم ایمان لائے ان پر انکو دیکھے بغیر، اور جدا نہ رکھنا ہمیں اور

بَيْنَنَا وَ بَيْنَهُ حَتّٰى تُدْخِلَنَا مُدْخَلَهُ وَاجْعَلْنَا مِنْ رُّفَقَائِهِ

ان کو یہاں تک کہ داخل کرنا ہمیں جنت میں اور بنانا ہمیں ان کے رفیقوں میں آپ کے

مَعَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصّٰلِحِيْنَ

دوست انبیاء ، شہداء اور صالحین کے ہمراہ

وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا

اور کیا ہی اچھے ہیں یہ رفیق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْهُدٰى ، وَالْقَائِدِ اِلَى الْخَيْرِ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو ہدایت کے نور ہیں اور نیکی کی طرف کھینچنے والے ہیں

وَالدَّاعِىْ اِلَى الرُّشْدِ، نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ، وَرَسُوْلِ

راہ راست کیطرف بلانے والے، رحمت والے نبی، متقین کے امام، اور رسول ہیں تمام جہانوں کے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ كَمَا بَلَّغَ رِسَالَتَكَ ، وَتَلَا اٰيَاتِكَ ، وَنَصَحَ

پروردگار کے، جیسا انہوں نے تیرا پیغام پہنچایا، تیری آیتیں پڑھ کر سنائیں، تیرے بندوں کی خیر

لِعِبَادِكَ ، وَ اَقَامَ حُدُوْدَكَ ، وَوَفٰى بِعُهُوْدِكَ ، وَاَنْفَذَ حُكْمَكَ

خواہی کی ، تیری حدود قائم کیں ، تجھ سے عہد پورا کیا اور تیرا حکم جاری کیا

وَاَمَرَ بِطَاعَتِكَ ، وَنَهٰى عَنْ مَّعْصِيَتِكَ ، وَ وَالٰى وَلِيَّكَ الَّذِىْ

تیری اطاعت کا حکم دیا، تیری نافرمانی سے روکا اور دوستی کی تیرے اس دوست سے جس سے تو دوستی

تُحِبُّ اَنْ تُوَالِيَهٗ ، وَعَادٰى عَدُوَّكَ الَّذِىْ تُحِبُّ اَنْ تُعَادِيَهٗ

رکھنا پسند کرتا تھا ،اور دشمنی کی تیرے اس دشمن سے جس سے تو دشمنی کرنا پسند کرتا تھا

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمَ

درود نازل ہو اللہ کی محمد ﷺ پر اور سلام ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جَسَدِهٖ فِى الْاَجْسَادِ ، وَعَلٰى رُوْحِهٖ فِى الْاَرْوَاحِ

الٰہی ! رحمت نازل فرما محمد ﷺ کے جسم پر درمیان تمام جسموں کے، انکی روح پر درمیان تمام ارواح کے

وَعَلٰى مَوْقِفِهٖ فِى الْمَوَاقِفِ ، وَعَلٰى مَشْهَدِهٖ فِى الْمَشَاهِدِ

انکے مقام پر درمیان تمام مقامات کے، انکی حاضری (شہادت) کی جگہ پر درمیان تمام گواہوں کے

وَعَلٰى ذِكْرِهٖ اِذَا ذُكِرَ ، صَلٰوةً مِّنَّا عَلٰى نَبِيِّنَا

انکے ذکر پر جب بھی انکا ذکر کیا جائے، درود ہو ہماری طرف سے ہمارے نبی ﷺ پر

اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْهُ مِنَّا السَّلَامَ كُلَّمَا ذُكِرَ ، وَالسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ

الٰہی ! پہنچا دے آپ ﷺ کو ہمارا سلام جب بھی آپ پر سلام کا ذکر ہو، اور سلام ہو نبی ﷺ پر

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلَائِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ ، وَعَلٰى اَنْبِيَائِكَ

الٰہی! رحمت نازل فرما اپنے مقرب فرشتوں پر، اپنے پاکیزہ نبیوں

الْمُطَهَّرِيْنَ ، وَعَلٰى رُسُلِكَ الْمُرْسَلِيْنَ ، وَ عَلٰى حَمَلَةِ عَرْشِكَ

پر ، اپنے رسولوں پر جو بھیجے گئے ہیں، اور اپنے عرش کے اٹھانے والے سب فرشتوں

اَجْمَعِيْنَ ، وَ عَلٰى جِبْرَئِيْلَ وَ مِيْكَائِيْلَ وَ اِسْرَافِيْلَ وَ مَلَكِ

پر ، جبرائیل پر ، میکائیل پر ،اسرافیل پر، ملک الموت

الْمَوْتِ وَ رِضْوَانَ وَ مَالِكٍ ، وَّصَلِّ عَلَى الْكِرَامِ الْكَاتِبِيْنَ

پر،رضوان (محافظ جنت) پر، مالک (محافظ دوزخ) پر،اور رحمت نازل فرما لکھنے والے فرشتوں پر

وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِ نَبِيِّنَا اَفْضَلَ مَا اٰتَيْتَ اَحَدًا مِّنْ اَهْلِ

اور ہمارے نبی کے اہل بیت پر ،افضل اس صلوۃ وسلام سے جو عطا کیا ہو تو نے پیغمبروں کے

بُيُوْتِ الْمُرْسَلِيْنَ ، وَاجْزِ اَصْحَابَ نَبِيِّكَ اَفْضَلَ مَا جَزَيْتَ

اہل بیت میں کسی کو،اور بدلہ دے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کو بہتر اس سے کہ بدلہ دیا ہو تو نے

اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِ الْمُرْسَلِيْنَ

رسولوں کے اصحاب میں سے کسی کو

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

الٰہی! بخش دے سب مؤمن مرد اور تمام مؤمن عورتوں کو، سب مسلمان مرد اور

وَالْمُسْلِمٰتِ، اَلْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ، وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ

تمام مسلمان عورتوں کو جو ان میں زندہ ہوں یا اور جو وفات پا چکے ہیں، اور ہمارے سب بھائیوں کو جو

سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ہم سے ایمان میں سبقت کر چکے ہیں اور ہمارے دلوں میں کینہ نہ رکھ ایمان والوں کی طرف سے

رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

پروردگار! تو بہت محبت اور نہایت رحم والا ہے

(39) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو تیرے بندے، تیرے رسول اور نبی

الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

امی ہیں، اور آپ کی آل اور آپ کے صحابہ پر اور سب پر سلام

⑩ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُونَ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب بھی ذکر کرنے والے ان کا ذکر کریں

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُونَ

رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب بھی غفلت کریں آپ کے ذکر سے غفلت کرنے والے

⑪ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

الٰہی! رحمت نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو تیرے بندے ،تیرے رسول اور نبی اُمی ہیں

الَّذِىْ اٰمَنَ بِكَ وَ بِكِتَابِكَ ، وَاَعْطِهٖ اَفْضَلَ رَحْمَتِكَ

جو ایمان لائے تجھ پر تیری کتاب پر ، عنایت فرما ان کو اپنی سب سے بڑھ کر رحمت

وَاٰتِهِ الشَّرَفَ عَلٰى خَلْقِكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ، وَاجْزِهٖ خَيْرَ الْجَزَاءِ

عنایت فرما انکو اپنی تمام مخلوق پر بزرگی قیامت کے دن اور بدلہ دے ان کو بہترین بدلہ

وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ، سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ

سلامتی ہو ان پر اور اللہ کی رحمت اور اسکی برکتیں، پاک ہے تیرا رب - عزت والا - ان تمام عیبوں سے جو

عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

کافر ان پر لگاتے ہیں، سلام ہو سب رسولوں پر، تمام تعریف اللہ کیلئے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے

حضرت شیخ الحدیثؒ مولانا محمد زکریاؒ رحمہ اللہ تعالیٰ

کے خاندان کی مُرتبہ

منزل

برائے حفاظتؒ آسیب و سحر

ترجمہ آیات

شیخ الہند حضرتؒ مولانا محمودؒ حسن رحمہ اللہ

فضائل وفوائد

حامدا ومصلّیا ومسلّما

ذیل میں جن قرآنی آیات کو درج کیا گیا ہے ، وہ ہمارے خاندان میں ''منزل'' کے نام سے معروف ہیں، ہمارے خاندان کے اکابر عملیات اور ادعیہ میں اس ''منزل'' کا بہت اہتمام فرمایا کرتے تھے اور بچوں کو بچپن ہی سے یہ منزل بہت اہتمام سے یاد کرانے کا دستور تھا۔

نقش وتعویذات کے مقابلہ میں آیات قرآنیہ اور وہ دعائیں جو حدیث پاک میں وارد ہوئی ہیں ، یقینا بہت زیادہ مفید اور مؤثر ہیں ،عملیات میں انہیں چیزوں کا اہتمام کرنا چاہیے۔

فخر الرسل ﷺ نے دینی یا دنیوی کوئی حاجت اور غرض ایسی نہیں چھوڑی جس کے لیے دعا کا طریقہ نہ تعلیم فرمایا ہو، اسی طرح بعض مخصوص آیات کا مخصوص مقاصد کے لیے پڑھنا مشائخ کے تجربات سے ثابت ہے۔

یہ ''منزل'' آسیب ،سحر اور بعض دوسرے خطرات سے حفاظت کے لیے ایک مجرب عمل ہے ، یہ آیات کسی قدر کمی بیشی کے ساتھ ''القول الجمیل'' اور ''بہشتی زیور'' میں بھی لکھی ہیں، ''القول الجمیل'' میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ

تحریر فرماتے ہیں:

''یہ تینتیس 33 آیات ہیں، جو جادو کے اثر کو رفع کرتی ہیں اور شیاطین اور چوروں اور درندے جانوروں سے پناہ ہوجاتی ہے''۔

اور ''بہشتی زیور'' میں حضرت تھانوی نوراللہ مرقدہ تحریر فرماتے ہیں:

''اگر کسی پر آسیب کا شبہ ہوتو آیات ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پر دم کر کے مریض پر چھڑک دیں اور اگر گھر میں اثر ہوتو ان کو پانی پر پڑھ کر گھر کے چاروں گوشوں میں چھڑک دیں''۔

ہمارے گھر کی مستورات (خواتین) کو یہ مشکل پیش آتی کہ جب وہ کسی مریضہ کے لیے اس ''منزل'' کو تجویز کرتیں تو اصل کتاب میں نشان لگا کر یا نقل کرا کر دینی پڑتی تھیں، اس لیے خیال ہوا کہ اگر اس کو علیحدہ مستقل طبع کرادیا جائے تو سہولت ہوجائے گی، یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ عملیات اور دعاؤں میں زیادہ دخل پڑھنے والے کی توجہ اور یکسوئی کو ہوتا ہے، جتنی توجہ اور عقیدت سے دعا پڑھی جائے اتنی ہی مؤثر ہوتی ہے، اللہ کے نام اور اس کے پاک کلام میں بڑی برکت ہے، واللہ الموفق۔

بندہ: محمد طلحہ کاندھلوی

ابن حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحبؒ

22 شعبان 1399ھ

مَنزِل

برائے حفاظت آسیب و سحر

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

میں شیطان مردود (کے شر) سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں   شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ

سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو پالنے والا سارے جہاں کا، بے حد مہربان نہایت رحم والا، مالک روز

الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

جزا کا، تیری ہی ہم بندگی کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں، بتلا ہم کو راہ

الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ

سیدھی، راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے فضل فرمایا

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○ آمین

جن پر نہ تیرا غصہ ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے، آمین

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ○ ذٰلِكَ الۡكِتٰبُ لَا رَيۡبَ ۛۚ فِيۡهِ ۛۚ هُدًى لِّلۡمُتَّقِيۡنَ ○

الم، اس کتاب میں کچھ شک نہیں، راہ بتلاتی ہے ڈرنے والوں کو

الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَيۡبِ وَ يُقِيۡمُوۡنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ

جو کہ یقین کرتے ہیں بے دیکھی چیزوں کا اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور جو ہم نے روزی دی ہے انکو اس میں

يُنۡفِقُوۡنَ ○ وَالَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ وَمَآ اُنۡزِلَ مِنۡ

سے خرچ کرتے ہیں، اور وہ لوگ جو ایمان لائے اس پر کہ جو کچھ نازل ہوا تیری طرف اور اس پر کہ جو

قَبۡلِكَ ۚ وَ بِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ ○ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنۡ

کچھ نازل ہوا تجھ سے پہلے، اور آخرت کو وہ یقینی جانتے ہیں، وہی لوگ ہیں ہدایت پر اپنے

رَّبِّهِمۡ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ○

پروردگار کی طرف سے، اور وہی ہیں مراد کو پہنچنے والے

وَاِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ ○

اور معبود تم سب کا ایک ہی معبود ہے، کوئی معبود نہیں اس کے سوا بڑا مہربان ہے نہایت رحم والا

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ

اللہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، زندہ ہے سب کا تھامنے والا، نہیں پکڑ سکتی اس کو اونگھ اور نہ نیند، اسی کا ہے

مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، ایسا کون ہے جو سفارش کرے اسکے پاس مگر

بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ

اجازت سے جانتا ہے جو کچھ خلقت کے رو برو ہے اور جو کچھ انکے پیچھے ہے اور وہ سب احاطہ نہیں

بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ

کر سکتے کسی چیز کا اسکی معلومات میں سے مگر جتنا کہ وہی چاہے، گنجائش ہے اس کی کرسی میں

وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

تمام آسمانوں اور زمین کو، اور گراں نہیں اس کو تھامنا ان کا، اور وہی ہے سب سے برتر عظمت والا

لَآ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۙۚ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ

زبردستی نہیں دین کے معاملہ میں، بیشک جدا ہو چکی ہے ہدایت گمراہی سے، اب جو کوئی نہ مانے

بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی ۗ

گمراہ کرنے والوں کو اور یقین لاوے اللہ پر تو اس نے پکڑ لیا حلقہ مضبوط

لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ

جو ٹوٹنے والا نہیں، اور اللہ سب کچھ سنتا جانتا ہے، اللہ مددگار ہے ایمان والوں کا

يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ

نکالتا ہے ان کو اندھیروں سے روشنی کی طرف، اور جو لوگ کافر ہوئے ان کے رفیق

الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ

شیطان، نکالتے ہیں ان کو روشنی سے اندھیروں کے طرف، یہی لوگ ہیں

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○

دوزخ میں رہنے والے، وہ اسی میں ہمیشہ رہیں گے

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ

اللہ ہی کا ہے جو کچھ کہ آسمانوں اور زمین میں ہے، اور اگر ظاہر کرو گے

اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ

اپنے جی کی بات یا چھپاؤ گے اس کو حساب لے گا اس کا تم سے اللہ، پھر بخشے گا جس کو چاہے

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ

اور عذاب کرے گا جس کو چاہے، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے، مان لیا رسول نے

بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِ مِنۡ رَّبِّهٖ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓٮِٕكَتِهٖ

جو کچھ اترا اس پر اسکے رب کی طرف سے اور مسلمانوں نے بھی، سب نے مانا اللہ کو اور اسکے فرشتوں کو اور

وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِهٖ ۚ وَقَالُوۡا

اسکی کتابوں کو اور اسکے رسولوں کو، کہتے ہیں کہ ہم جدا نہیں کرتے کسی کو اسکے پیغمبروں میں سے، اور کہہ اٹھے

سَمِعۡنَا وَاَطَعۡنَا ۖ غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيۡكَ الۡمَصِيۡرُ ○

کہ ہم نے سنا اور قبول کیا، تیری بخشش چاہتے ہیں اے ہمارے رب اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَعَلَيۡهَا مَا

اللہ تکلیف نہیں دیتا کسی کو مگر جس قدر اسکی گنجائش ہے، اسی کو ملتا ہے جو اس نے کمایا اور اسی پر پڑتا ہے جو

اكۡتَسَبَتۡ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَآ اِنۡ نَّسِيۡنَآ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا

اس نے کیا، اے رب ہمارے نہ پکڑ ہم کو اگر ہم بھولیں یا چوکیں، اے رب ہمارے اور نہ

تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَآ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ۚ رَبَّنَا

رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسا رکھا تھا ہم سے اگلے لوگوں پر، اے رب ہمارے

وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعۡفُ عَنَّا ۏ وَاغۡفِرۡ لَنَا ۏ

اور نہ اٹھوا ہم سے وہ بوجھ کہ جس کی ہم کو طاقت نہیں، اور درگزر کر ہم سے، اور بخش ہم کو

وَارْحَمْنَا ۗ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

اور رحم کر ہم پر، تو ہی ہمارا رب ہے مدد کر ہماری کافروں پر

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا

اللہ نے گواہی دی کہ کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا، اور فرشتوں نے اور علم والوں نے بھی وہی حاکم

بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

انصاف کا ہے، کسی کی بندگی نہیں سوا اس کے زبردست حکمت والا

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ

تو کہہ یا اللہ! مالک سلطنت کے تو سلطنت دیوے جس کو چاہے اور سلطنت چھین لیوے

مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ

جس سے چاہے، اور عزت دیوے جسکو چاہے اور ذلیل کرے جسکو چاہے، تیرے ہاتھ ہے سب خوبی

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ

بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے ، تو داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرے دن کو

فِى الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ

رات میں ، اور تو نکالے زندہ مردہ سے اور نکالے مردہ

الْحَيِّ ۙ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

زندہ سے، اور تو رزق دے جس کو چاہے بیشمار

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ

بیشک تمہارا رب اللہ ہے جس نے پیدا کیے آسمان اور زمین چھ دن میں

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۣ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ

پھر قرار پکڑا عرش پر ، اڑھاتا ہے رات پر دن کہ وہ اس کے پیچھے لگا آتا ہے

حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمْرِهٖ ۭ اَلَا لَهُ

دوڑتا ہوا، اور پیدا کئے سورج اور چاند اور تارے تابعدار اپنے حکم کے ، سن لو اسی کا

الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۭ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ

کام ہے پیدا کرنا اور حکم فرمانا، بڑی برکت والا ہے اللہ جو رب ہے سارے جہان کا، پکارو اپنے رب کو

تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي

گڑ گڑا کر اور چپکے چپکے، اسکو خوش نہیں آتے حد سے بڑھنے والے، اور مت خرابی ڈالو

الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ

زمین میں اس کی اصلاح کے بعد اور پکارو اس کو ڈر اور توقع سے ، بیشک اللہ کی رحمت

قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ○

نزدیک ہے نیک کام کرنے والوں سے

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ

کہہ! اللہ کہہ کر پکارو یا رحمان کہہ کر، جو کہہ کہہ کر پکارو گے سو اسی کے ہیں سب نام

الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ

خاصے، اور پکار کر مت پڑھ اپنی نماز اور نہ چپکے پڑھ اور ڈھونڈ لے اس کے بیچ میں

سَبِيْلًا ○ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ

راہ ، اور کہہ سب تعریفیں اللہ کو جو نہیں رکھتا اولاد اور نہ کوئی اس کا

شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ○

ساجھی سلطنت میں اور نہ کوئی اس کا مددگار ذلت کے وقت پر اور اس کی بڑائی کر بڑا جان کر

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ○

سو کیا تم خیال رکھتے ہو کہ ہم نے تم کو بنایا کھیلنے کو اور تم ہمارے پاس پھر کر نہ آؤ گے

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ

سو بہت اوپر ہے اللہ وہ بادشاہ سچا، کوئی حاکم نہیں اس کے سوائے، مالک اس عزت کے

الْكَرِيْمِ ○ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ

تخت کا ، اور جو کوئی پکارے اللہ کے ساتھ دوسرا حاکم، جس کی سند نہیں اس کے پاس،

فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ○ وَقُلْ رَّبِّ

سو اس کا حساب ہے اس کے رب کے نزدیک ، بیشک بھلا نہ ہوگا منکروں کا ، اور تو کہہ اے رب

اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ○

معاف کر اور رحم کر اور تو ہے بہتر سب رحم والوں سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ○ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ○ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ○

قسم ہے صف باندھنے والوں کی قطار ہو کر، پھر ڈانٹنے والوں کی جھڑک کر، پھر پڑھنے والوں کی یاد کر کر

اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ○ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَ

بیشک حاکم تم سب کا ایک ہے ، رب آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے اور

رَبُّ الْمَشَارِقِ ○ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨ الْكَوَاكِبِ ○

رب مشرقوں کا، ہم نے رونق دی (سب سے) ورلے آسمان کو ایک رونق جو تارے ہیں

وَ حِفۡظًا مِّنۡ كُلِّ شَيۡطٰنٍ مَّارِدٍ ○ لَا يَسَّمَّعُوۡنَ اِلَى الۡمَلَاِ

اور بچاؤ بنایا ہر شیطان سرکش سے ، سن نہیں سکتے اوپر کی مجلس

الۡاَعۡلٰى وَ يُقۡذَفُوۡنَ مِنۡ كُلِّ جَانِبٍ ○ دُحُوۡرًا وَّلَهُمۡ عَذَابٌ

تک اور پھینکے جاتے ہیں ان پر ہر طرف سے، بھگانے کو اور ان پر مار ہے

وَّاصِبٌ ○ اِلَّا مَنۡ خَطِفَ الۡخَطۡفَةَ فَاَتۡبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ○

ہمیشہ کو ، مگر جو کوئی اچک لایا جھپ سے پھر پیچھے لگا اس کے انگارا چمکتا

فَاسۡتَفۡتِهِمۡ اَهُمۡ اَشَدُّ خَلۡقًا اَمۡ مَّنۡ خَلَقۡنَا ؕ اِنَّا خَلَقۡنٰهُمۡ

اب پوچھ ان سے کیا یہ بنانے مشکل ہیں یا جتنی خلقت کہ ہم نے بنائی ، ہم نے ہی ان کو بنایا ہے

مِّنۡ طِيۡنٍ لَّازِبٍ ○

ایک چپکتے گارے سے

يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ اِنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ اَنۡ تَنۡفُذُوۡا مِنۡ اَقۡطَارِ

اے گروہ جنوں کے اور انسانوں کے اگر تم سے ہو سکے کہ نکل بھاگو

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ فَانۡفُذُوۡا ؕ لَا تَنۡفُذُوۡنَ اِلَّا بِسُلۡطٰنٍ ○

آسمانوں اور زمین کے کناروں سے تو نہیں نکل سکنے کے بدون سند کے

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ

پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے ، چھوڑے جائیں تم پر شعلے آگ کے صاف

وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ فَاِذَا

اور دھواں ملے ہوئے پھر تم بدلہ نہیں لے سکتے ، پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے، پھر جب

انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

پھٹ جائے آسمان تو ہو جائے گلابی جیسے نری (تیل کی تلچھٹ) پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی

تُكَذِّبٰنِ ○ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ○

جھٹلاؤ گے، پھر اس دن پوچھ نہیں اس کے گناہ کی کسی آدمی سے اور نہ جن سے

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○

پھر کیا کیا نعمتیں اپنے رب کی جھٹلاؤ گے

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا

اگر ہم اتارتے یہ قرآن ایک پہاڑ پر تو تو دیکھ لیتا کہ وہ دب جاتا پھٹ جاتا

مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

اللہ کے ڈر سے ، اور یہ مثالیں ہم سناتے ہیں لوگوں کو تاکہ

يَتَفَكَّرُوْنَ ○ هُوَاللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ

وہ غور کریں ، وہ اللہ ہے جس کے سوا بندگی نہیں، کسی کی جانتا ہے جو پوشیدہ ہے

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ هُوَاللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ

اور جو ظاہر ہے ،وہ ہے بڑا مہربان رحم والا ، وہ اللہ ہے جس کے سوا بندگی نہیں

اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ

کسی کی، وہ بادشاہ ہے پاک ذات سب عیبوں سے سالم امان دینے والا پناہ میں لینے والا زبردست

الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَاللّٰهُ الْخَالِقُ

دباؤ والا صاحب عظمت، پاک ہے اللہ ان کے شریک بتلانے سے ، وہ اللہ ہے بنانے والا

الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى

نکال کھڑا کرنے والا صورت کھینچنے والا اسی کے ہیں سب نام خاصے، پاکی بول رہا ہے اسکی جو کچھ ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَالْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

آسمانوں میں اور زمین میں، اور وہی ہے زبردست حکمتوں والا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلۡ اُوۡحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسۡتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الۡجِنِّ فَقَالُوۡۤا اِنَّا سَمِعۡنَا قُرۡاٰنًا

تو کہہ مجھ کو حکم آیا کہ سن گئے کتنے لوگ جنوں کے پھر کہنے لگے ہم نے سنا ہے ایک قرآن

عَجَبًا ○ یَّہۡدِیۡۤ اِلَی الرُّشۡدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ ؕ وَلَنۡ نُّشۡرِکَ بِرَبِّنَاۤ

عجیب، کہ سجھاتا ہے نیک راہ سو ہم اس پر یقین لائے، اور ہرگز نہ شریک بتلائیں گے ہم اپنے رب کا

اَحَدًا ○ وَّاَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا ○

کسی کو ، اور یہ کہ اونچی ہے شان ہمارے رب کی نہیں رکھی اس نے جورو نہ بیٹا

وَّاَنَّہٗ کَانَ یَقُوۡلُ سَفِیۡہُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا ○

اور یہ کہ ہم میں کا بیوقوف اللہ پر بڑھا کر باتیں کہا کرتا تھا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلۡ یٰۤاَیُّہَا الۡکٰفِرُوۡنَ ○ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ○ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ

تو کہہ اے منکرو! میں نہیں پوجتا جس کو تم پوجتے ہو ، اور نہ تم

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ○ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ○ وَلَآ اَنْتُمْ

پوجو جسکو میں پوجوں، اور نہ مجھ کو پوجنا ہے اس کا جس کو تم نے پوجا ، اور نہ تم

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ○ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ○

کو پوجنا ہے اس کا جس کو میں پوجوں، تم کو تمہاری راہ اور مجھ کو میری راہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ○

تو کہہ وہ اللہ ایک ہے ، اللہ بے نیاز ہے ، نہ کسی کو جنا نہ کسی سے جنا

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ○

اور نہیں اس کے جوڑ کا کوئی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ○

تو کہہ میں پناہ میں آیا صبح کے رب کی، ہر چیز کی بدی سے جو اس نے بنائی

وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ○

اور بدی سے اندھیرے کی جب سمٹ آئے ، اور بدی سے عورتوں کی جو گرہوں میں پھونک ماریں

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

اور بدی سے برا چاہنے والے کی جب لگے ٹوک لگانے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○

کہہ میں پناہ میں آیا لوگوں کے رب کی ، لوگوں کے بادشاہ کی ، لوگوں کے معبود کی

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ

بدی سے اس کی جو پھسلائے اور چھپ جائے ، وہ جو خیال ڈالتا ہے لوگوں کے

النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○

دل میں، جنوں میں اور آدمیوں میں

دُعائے انس بن مالک رضی اللہ عنہ برائے حفاظت

حضرت انس رضی اللہ عنہ کو ان کی مسلسل حق گوئی اور مظلوموں کا ساتھ دینے کی وجہ سے حجاج بن یوسف نے ایک دن غضب ناک ہو کر اپنے پاس بلوایا، اور کہا کہ: ”اے انس! اگر تو نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت نہ کی ہوتی اور امیر المومنین عبد الملک بن مروان کا خط تمہاری سفارش میں نہ آیا ہوتا کہ اس نے تمہارے ساتھ رعایت کرنے کے بارے میں لکھا ہے تو میں تمہارے ساتھ وہ کچھ کرتا جو میرا دل چاہتا“، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

”نہیں! اللہ کی قسم! تو ہرگز میرے ساتھ کچھ نہیں کر سکتا اور میری جانب بری آنکھ سے بھی نہیں دیکھ سکتا، بلاشبہ میں نے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے چند کلمات کو سن رکھا ہے، میں ہمیشہ ان کلمات کی پناہ میں رہتا ہوں اور ان کلمات کے طفیل میں کسی بادشاہ کے غلبہ اور شیطان کی برائی سے نہیں ڈرتا، اگر میں تیری بات کے صحیح ہونے کا یقین رکھتا تو اللہ کو چھوڑ کر تیری عبادت کرتا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان میں شک کرتا کہ انہوں نے

مجھے ایک دعا سکھائی تھی اور فرمایا تھا: ''جو بھی صبح کے وقت یہ دعا کرے گا، اس کو تکلیف پہنچانے پر کوئی شخص قادر نہیں ہو سکے گا اور نہ کسی کو اس پر قدرت حاصل ہو سکتی ہے اور میں آج صبح یہ دعا کر چکا ہوں''۔

حجاج یہ سن کر ہیبت زدہ ہو گیا اور کچھ لمحے بعد سر اٹھا کر کہا: ''وہ کلمات دعا مجھے بھی سکھا دو''، حضرت انسؓ نے کہا کہ: ''نہیں! میں ہرگز وہ کلمات تمہیں نہیں سکھاؤں گا، کیونکہ تم اس کے اہل نہیں ہو''، حجاج نے کہا: ''ان کا راستہ چھوڑ دو، یعنی ان کو جانے دو''، جب حضرت انسؓ کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے وہی دعا اپنے بیٹے کو سکھائی اور کہا کہ ''انہیں صبح و شام پڑھا کرو، اللہ تعالیٰ تمہیں ہر آفت سے حفاظت میں رکھے گا''، وہ دعا درج ذیل ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ ، بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَاءِ ، بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ ، بِسْمِ اللّٰہِ افْتَتَحْتُ ، وَ بِاللّٰہِ خَتَمْتُ ، وَ بِہٖ آمَنْتُ ، بِسْمِ اللّٰہِ اَصْبَحْتُ وَ عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ ، بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی قَلْبِیْ وَنَفْسِیْ ، بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی

عَقْلِیْ وَ ذِهْنِیْ ، بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی اَهْلِیْ وَ مَالِیْ ، بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی مَا
اَعْطَانِیْ رَبِّیْ ، بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی شَافِیْ ، بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِیْ ، بِسْمِ اللّٰهِ
الْوَافِیْ ، بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَ لَا
فِی السَّمَاءِ وَ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ، هُوَ اللّٰهُ ، اَللّٰهُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ
شَیْئًا ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ ، و اَعَزُّ وَ اَجَلُّ مِمَّا
اَخَافُ واَحْذَرُ ، اَسْاَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِخَیْرِكَ مِنْ خَیْرِكَ الَّذِیْ
لَا یُعْطِیْهِ غَیْرُكَ ، عَزَّ جَارُكَ ، وَ جَلَّ ثَنَاؤُكَ وَ لَا اِلٰهَ غَیْرُكَ
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ ، وَ مِنْ شَرِّ كُلِّ سُلْطَانٍ
وَمِنْ شَرِّ كُلِّ شَیْطَانٍ مَّرِیْدٍ ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ ، وَ مِنْ
شَرِّ كُلِّ قَضَاءٍ سُوْءٍ ، وَ مِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهَا ،
اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ، وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٍ
﴿اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ﴾

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَجِيْرُكَ ، وَ اَحْتَجِبُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْتَهٗ
وَاَحْتَرِسُ بِكَ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِكَ ، وَ كُلِّ مَا ذَرَاْتَ وَ بَرَاْتَ،
وَاَحْتَرِسُ بِكَ مِنْهُمْ ، واُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَيْكَ ، وَ اُقَدِّمُ بَيْنَ
يَدَیَّ فِیْ يَوْمِیْ هٰذَا وَ لَيْلَتِیْ هٰذِهٖ وَ سَاعَتِیْ هٰذِهٖ وَشَهْرِیْ هٰذَا
واُقَدِّمُ بَيْنَ يَدَیَّ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○
لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُواً اَحَدٌ ○ مِنْ اَمَامِیْ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○
لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُواً اَحَدٌ ○ مِنْ خَلْفِیْ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○
لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُواً اَحَدٌ ○ عَنْ يَمِيْنِیْ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○

لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○ عَنْ شِمَالِیْ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○
لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○ مِنْ فَوْقِیْ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○
لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○ مِنْ تَحْتِیْ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○
لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ
الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا
فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا
بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا
بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ

حِفۡظُهُمَا ۚ وَهُوَ الۡعَلِيُّ الۡعَظِيۡمُ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالۡمَلٰۤـئِكَةُ وَاُولُوا الۡعِلۡمِ قَآئِمًۢا بِالۡقِسۡطِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ○ (سات مرتبہ)

وَنَحۡنُ عَلٰى مَا قَالَ رَبُّنَا مِنَ الشّٰهِدِيۡنَ: ﴿فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَهُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِيۡمِ﴾ (سات مرتبہ)

(كنز العمال ،ج۲،ص۲۹۴،عمل اليوم والليلة ،لابن السنى، ج۲،ص۱۵۸، سبل الهدى والرشاد فى سيرة خير العباد ج۱۰،ص۲۲۸)